For Best & Clear Hearing

اب ہر آواز آپ کی پہنچ تک





Artificial Eye

Special Offer
on purchase of any 2 Branded Frames (get **FREE** 1 pair of contact lens)
on purchase of Siemens Hearing Aid (get **FREE** 6 month service warranty + 6 Batteries)
on purchase of 2 pair of contact lens (get **FREE** solution)

Friends
Optical & Audiology Centre

Head Office: Opp. K.M.C. Before City Court M.A. Jinnah Road, Karachi. Ph: 2624611 & 22

Branch 1 Hotel Regent Plaza, Main Entrance Parking, Shahra-e-Faisal, Karachi. Phone : 5631356 - 7

Branch 2 Karim Centre, Nishter Road, Multan. Phone: 4576656

www.friendsoptical.com E-mail: info@friendsoptical.com

قرآن کی باتیں

ماہ رمضان المبارک ۱۴۲۷ھ بمطابق ستمبر/اکتوبر ۲۰۰۶ء کو ہم ٹی وی نے رمضان المبارک کی خصوصی ٹرانسمیشن میں قرآن مجید کے تعلق سے ایک خصوصی پروگرام بعنوان "قرآن کی باتیں" پیش کیا تھا اس پروگرام کا دورانیہ کم و بیش پچیس منٹ پر مشتمل تھا۔ جو ہر روز افطار کے بعد نشر ہوتا تھا۔ اس پروگرام کے مقرر، مجلس تفسیر کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر محمد شکیل اوج تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے پارہ وار آیات منتخب کر کے قرآن کے میسج کو ہم ٹی وی کے ناظرین و سامعین کے سامنے اختصار و جامعیت کے حسین امتزاج کے ساتھ پیش کیا۔ اس پروگرام کو نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون پاکستان بھی دلچسپی اور توجہ سے سنا اور سراہا گیا۔ اس ضمن میں ہم ٹی وی اور ڈاکٹر اوج کو متعدد ای میلز، کالز اور متعدد خطوط موصول ہوئے۔ بالمشافہ ملنے والوں نے بھی اسے قرآن فہمی کے حوالے سے ایک عمدہ کاوش اور عصر حاضر کی ضرورت قرار دیا۔ لوگوں کا اصرار تھا کہ اس پروگرام کو صرف رمضان تک ہی محدود نہ کیا جائے بلکہ اسے باقی مہینوں تک بھی دراز کیا جائے کیونکہ قرآن کی باتیں رمضان کے علاوہ بھی ہونی چاہئیں۔

اس پروگرام میں پیش کی گئی قرآنی باتوں کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ متعدد علاقوں اور شہروں کے لوگ، حلقہ بنا کر اسے دیکھنے کا اہتمام کرتے تھے اور پروگرام کے خاتمے پر اپنی پسندیدگی کا اظہار بذریعہ ٹیلی فون کرتے تھے۔

دریں اثناء مجلس تفسیر کو معلوم ہوا کہ ہم ٹی وی نے اپنے بعض احباب کے مشورہ سے طے کیا ہے کہ پروگرام میں نشر ہونے والی قرآن کی باتیں سلک تحریر میں بھی پروئی جائیں اور اہل ذوق کی قلبی تسکین کے لئے اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے گا۔ اب دیکھیں یہ کام کب ہوتا ہے؟ کیونکہ ٹیپس (Tapes) سے تمیں تقریریں ٹرانسکرائب (Transcribe) کرنا ایک صبر آزما اور وقت طلب کام ہے۔ مجلس تفسیر کی خواہش ہے کہ اگر کوئی صاحب ذوق باصلاحیت فرد رضا کارانہ طور پر یہ کام اپنے ذمہ لے لے تو بلاشبہ یہ ایک قرآنی خدمت ہوگی۔ بصورت دیگر یہ کام معاوضہ پر بھی کیا جاسکتا ہے۔ امید ہے کہ ہم ٹی وی والے اسے یقیناً اچھا معاوضہ دیں گے۔

(رپورٹ: محمد سہیل شفیق)